| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’گ‘ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’گ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت /بناوٹ سے ’گ‘ لکھ سکیں۔ حرف ’گ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ’گ‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو’حروف تہجی اردو کے‘نظم سنائی جائے گی اور’ا سے لے کر ک‘ تک کا درست تلفظ صوتی آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’گ‘ کی پہچان،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف ’گ‘ کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔اور بچوں کو السلام وعلیکم کہہ کر’گ‘ کا تعارف کروائے گی۔ میں حرف ’گ‘ ہوں دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے اور حرف ’گ‘ کی آدھی شکل کو Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ’گ‘ حروف تہجی کا تیسواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف ’گ‘ کے ذخیرہ الفاظ گل دان گائے،گندم،گلہری،گیند،گدھا،گلا اور گاجر کے بارے میں جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ حرف ’گ‘ کی پوری اور آدھی شکل کے ساتھ ایک دو آڑھی لکیریں ہوتی ہیں تختہ سفید/ سیاہ پر ایک لکیر کھینچ کر بچوں کو’گ‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا۔<br>نوٹ: پہلے ک کی شکل سے ملائیں نقطے کے بغیر پھر اُس کو آڑھی لکیر سے ملائیں بچوں کو بلا کر تختہ سفید سیاہ پر حرف گ لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 64 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کہا جائے گا حرف ’گ‘ پر انگلی پھیریے اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے حرف ’گ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی مثال کے طور پر گ گل دان،گ گندم وغیرہ۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں گڑیا میں رنگ بھریں گے اور گ کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 64 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں کو’گ‘ کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'گ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'گ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت /بناوٹ سے گ لکھ سکیں۔ حرف گ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'گ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی۔بچوں کو 'گ' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'گ' کی پہچان ،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'گ' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ/پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی۔بچوں کو گل دان دکھایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ یہ کیا ہے؟ یہ کس کام آتا ہے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کون اپنی ماما کے ساتھ گل دان میں پھول سجاتا ہے۔اور کس کو گل دان میں پھول سجانا پسند ہے۔بچوں سے ہوا یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف گ کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے تا کہ بچوں کا ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہو جائے۔ | 10 منٹ | گل دان | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ا سے لے کر گ' حروف کی آدھی اور پوری اشکال چھوٹے کٹ آؤٹس/پلاسٹک حروف کی صورت میں ایک پیالے میں ڈال دیں ۔اب بچوں سے کہیں کہ چمچے کی مدد سے 'گ' کی پوری اور آدھی شکل باہر نکالیں۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں پھولوں کے کٹ آؤٹ گل دان میں لگائیں گے اور 'گ' کی پوری شکل میں پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | حروف تہجی ا سے گ کٹ آؤٹس (پوری اور آدھی اشکال) | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'گ' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'گ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'گ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت /بناوٹ سے گ لکھ سکیں۔ حرف گ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'گ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'گ' کی پوری اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کے نام اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'گ' کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'گ' سے گندم کے بارے میں جانیں گے۔ جماعت میں گندم کا پودا لائیں اور بچوں کو بتائیے کہ یہ گندم کا پودا ہے۔ اس میں سے جو دانے نکلتے ہیں اُن کو گندم کہتے ہیں اور اُن دانوں کو پیس کر آٹا بنتا ہے۔ جس کی ہم روٹی، ڈبل روٹی اور بہت سی دوسری چیزیں کھاتے ہیں۔ بچوں کو بتائیں کہ یہ ہمارے ملک کی اہم فصل ہے۔ بچوں سے کہیے کہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'گ' بنایئے اور یہ عمل تین سے چار بار دہرایئے۔ | 10 منٹ | گندم کا پودا | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ا سے لے کر گ' تک حروف کے فلیش کارڈ دیں اور اُن کو کہیں کے 'ا سے لے کر گ' تک حروف تہجی کو ترتیب سے لکھیں یہ عمل سب بچوں سے باری باری دہرائیں۔ بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں وہ 'گ' کی پوری شکل پر گندم کے دانے چسپاں کریں گے اور 'گ' کی آدھی شکل پر پینسل پھیریں گے۔ | 20 منٹ | حروف تہجی کارڈز<br>ورک شیٹ، گندم کے دانے | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید سیاہ پر 'گ' کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>ورک شیٹ میں 'گ' کی اشیاء میں رنگ بھریں اور پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیریں۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'گ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'گ' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت /بناوٹ سے گ لکھ سکیں۔ حرف گ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف 'گ' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'گ' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔اس کا تلفظ اور آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'گ' کی پہچان،آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'گ' کے مزید الفاظ کے بارے میں جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے گیند، گدھا، گملا اور گاجر دکھائی جائیں گے گدھا کا فلیش کارڈ اور باقی ذخیرہ الفاظ اشیاء کے طور پر دکھائے جائیں گے ان کے نام بتائے جائیں گے بچوں سے 'گ' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | اشیاء فلیش کارڈ | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ف،ق،ک اور گ کا Spin Wheel دیا جائے گا اور بچوں سے کہا جائے گا کہ ان چاروں حروف کو اِن کی چھوٹی اشکال سے ملائیں معلّمہ Spin Wheel خود سے بنا سکتی ہیں۔بچوں کو کتاب صفحہ نمبر 65 کھولنے کو کہا جائے گا دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف سیکھ رہے ہیں۔ بتائیے بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'گ' کو اس سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملائیے۔ نیچے دی گئی گ، کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ف،ق،ک،ق<br>Spin Wheel<br>کتاب صفحہ نمبر 65 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے گیند، گملا، گاجر کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ 'گ' سے کوئی اور لفظ بتا سکتے ہیں جیسے گھڑی ،گاڑی گود، گیلا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف ’گ‘ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’گ‘ کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت /بناوٹ سے گ لکھ سکیں۔ حرف گ سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔حرف ’گ‘ کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو ’گ‘ کے تمام فلیش کارڈ دکھا کر ان کی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو گائے اور گلہری دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا یہ دونوں جانور انہوں نے پہلے دیکھیں ہیں۔<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ گائے دودھ دیتی ہے ہم اُس کا گوشت بھی کھاتے ہیں اور یہ پالتو جانور ہے اس کو ہم گھر میں رکھ سکتے ہیں جبکہ گلہری ہمیں درختوں، دیواروں پہ نظر آتی ہے یہ بہت تیز بھاگتی ہے اور یہ گرے رنگ کی ہوتی ہے بچوں کو Sand Tray دے کر حرف ’گ‘ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف ’گ‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تا کہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’گ‘ کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف ’گ‘ کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br>Sand Tray<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف ’گ‘ کی پہچان، آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |